بلکہ ہی سد سکندر سی دو چند — جو کسی سختی سی نہین اسکو گزند
ہی مثال ایسی ہی تقوی کی ترسے — ہر طرح حق کی کا رسی قایم رہے
جسطرح بے بنے تمیزہ کا وضو — سو جنابت کی نہ ٹوٹی تھا کبھو
یون ہی تقوی اور عدالت تیرا یار — سو فریب و مکر سی ہی پایدار
ہے خدا کے ہاں ایسی شخص پر — بحیلہ بیشرم جو ہو اسقدر
ساقیا آحد سی گذرا انتظار — جام دے وہ جس سی ہو سینہ فگار
کرکے تا ناموس کے دامن کو چاک — آتش دلسی مین ڈالون سر پہ خاک

اسمین مذمت اون درس کہنی والونکی ہی کہ مقصد اونکا محض ظاہر کرنا فضل اور علم اور زر سمیٹنا اور دہوکا دینا ہی خلقت کو

کیا ہی دنیا جان تو ای خود پسند — مکر و حیلہ کا تیرا یہہ وعظ و پند
درس تیرا اسلیئی ہی صبح و شام — تا کہ ہو مشہور علم اور فضل تام
تھا اظہار فضیلت اور عمل — آپکو ڈالی ہے تو اندر خلل
علم و فضل اپنا جتانی کی لیئی — سو خرابی اور بلا مین تو پڑے
تو یہ کرتا اب جو وعظ و پند ہے — خلق مین مشہور ہونے کی لیئے
ہر طرح اپنا جتا فضل و کمال — مرد و زن کی واسطے ڈالی ہی جال
تا کہ ہون تابع تیرے کچہہ عالم مین — سو فریب سی تو لا یا دام مین
جاہل و نادان بے عقل و شعور — جال مین تیرے پڑی ای پر غرور
معتقد تیرے ہوئی وی بالضرور — کون شوئی کا نہین جسکو شعور
جاہلونمین بیٹھہ کر بن سدا — علم و فضل اپنا جتایا خوب سا
خوب سی تقریر کو دیکر کی زیب — جاہلون ناواقفون کو دی فریب
دوسرونکو تو نصیحت ہی مدام — اور ہووی خود نصیحت لا کلام
راہ جنت کا بتا دی اور کو — آپ لی دوزخ کا رہ ہی گفتگو
رہ بتا دی اور کو گلزار کا — اور لیوی آپ رستا نار کا
شہد و شربت اور کو دی ہی بلا — آپ کھاتا ہے پیالہ زہر کا

کرتا ہی اونکو سیدہے راہ پر | اور ہووی آپ گمرہ جان کر
بہیجتا ہی اور کو گلزار مین | آپکو ڈالے ہے تنہا غار مین
ہی یہہ سب اسواسطی ای پرخلل | لگ جاتی تا ترا علم و عمل
خوب سی شیخی جتائی کہول کر | مکر اندر مکر دیکہلائی ہنر
پر اصول و فرع تیری ای اخی | محکم ان دو سی نہین ہے ایک ہی
کچہہ جا ہی تجکو آتی ہے باج | حق تعالی اور پیمبر سی بہلا
جان اس رہ مین ترا کیا غول ہی | یہہ ریائی درس نا معقول ہی
کرتا ہی جو تو ریا کا وعظ و درس | ہی یہی شیطان ترا اور نفس
یہہ ریا کا جو ترا ہی وعظ و پند | زہر ہی باطن مین اور ظاہر مین قند
ہوتے ہی جس درس مین روئی ریا | درس ہی کب ہی وہ ایک قہر اور بلا
چور ہے پوشیدہ دلمین یہہ ریا | دولت ایمان کو ہی لوٹتا
خنجر لاحول سی اس چور کو | قتل جسنی کر دیا اے نیکخو
دولت ایمان لے اسنی بچا | باخوشی جنت مین جا ڈیرا کیا
درس جو قربت نہو اوس سی غرض | ہی نہین وہ درس لیکن ہی مرض
آپکو جسنی اگر اس مرض سے | کر دیا آزاد جان ای نیک پے
اسب دولت کو وہ اپنی با ہنر | ہی وہ دوڑاتا فراز عرش پر
ساقیا لے بہر حق میری خبر | نفس و شیطان سنے کیا زیر و زبر
وقت ہی امداد کے امداد کا | کرکے امداد انکی پنجو نسی چہوڑا
تاکہ یہہ جا کر سکے بے رود ریا | اوسکی قدر ہو نیر کری سر کو فدا

اسمین مذمت اور برائی اون لوگونکی ہی کہ جو ہمیشہ اسباب دنیا کا اکہٹا
کرتی رہتے ہین اور غافل ہین حاصل کرنے اسباب عقبی کی سے

کیا ہے دنیا یعنی اسباب جہان | آفت جان ہی ہر ایک پیر و جوان
یہہ کرے قرب خدا سی تجکو دور | اور کرے راہ ہدا سی تجہکو کور
کر دیا قربان اگر اوسپہ سر | ہو گیا تو راہ حق سی دور تر

کر دیا ہی تلخ تیرا یار کام — اسطرح کی نعمت و حلوائی تمام

اور بہی اگر تیرا ای نیک خو — لیگیا ہی رونق اسلام کو

جلد اس اسباب کو ای بہرور — بیخ و بن سی تو اوکہاڑ اور دور کر

اور اس دنیای دون پر خاک ڈال — آنکھو بار گران سی تو نکال

سعی تیری ہی یہہ ای صاحب ہنر — واسطی دنیای دون کے سر بسر

سعی کچھہ جانی نہ عقبی کے ہی کیا — سعی دنیا مین رہا تو مبتلا

اسکی رہ مین مو شگافی ای شفقے — اوسکی رہ مین کند فہمی احمقے

ہیچ ہی اسکی دوڑ ہی از جان و دل — اوسکی ہیچ ہی جا جیسی خر بگل

باوجود اس سعی و محنت کی ذرا — جو کہ چاہی تہا نہ وہ حاصل ہوا

سعی دنیا مین رہا تو عمر بہر — کیا ہوا حاصل ہی تجہے خوردسر

سعی عقبی کے جو تو کرتا میان — کار دنیا کی بہی بر آتے میان

کار عقبی کا جو کرنا بنہ و بت — کار دنیا کی بہی سب ہوتے درست

اسلیے فرماتی ہین خیر البشر — جو کوئی دنیای دون کو ترک کر

ہوتا ہی خدمت با خضوع و خشوع — اپنی اوس اللہ کے جانب رجوع

کام اوسکی دین و دنیا کی تمام — ہوتے ہین آسان سب ای نیکنام

اسکی اوپر یاد آئی ایک مثال — کان دہر کر سن اوسی ای خوش خصال

اسمین بیان ہی کہ اختیار کرنا کار آخرت کا اوپر کار دنیا کے بہتر ہے

تہا کوئی ایک مرد صالح نوجوان — کرتا تہا کہیتی کا پیشہ ای میان

پاس اوسکی کہیتی مین تہا ایک شتر — بہاگنی کے اوسکو عادت تہی مگر

اتفاقاً دن جو آیا جمعہ کا — اونٹ اوسکا بہاگ جنگل کو گیا

اور وہی دن جمعہ کا اوسکی لیے — تہا کہ پانی زرع کو دینی ہے

مرد حیران ہو کے بولا ای خدا — پانی دینی کا ہی یہہ وقت ہی میرا

گر مین دون کہیتی کو پانی اب یہان — اونٹ اپنی کو مین پہر پاون کہان

اور نماز جمعہ بہی دون ہات سی — ہوون خرانی مین طرح اسبات سی

کرنہ دون کہیتی کو پانی اس زمان
جو مین ڈہونڈہتا ہون اونٹ کو جنگل مین جا
اس تردد سی وہ مرد خوش لقا
آخرش بولا تامل کرکے دو
کیونکہ اس دولت کو ہی بیشک بقا
یعنی کار دین کو ہوی بقا
جو کہ فانی سی لگاوی دل عزیز
کہتے ہین حضرت محمد مصطفی
جا غرض تکبیر مسجد اوسنی لے
جاکے مسجد مین ہوا مشغول ذکر
باخضوع دل بصد عجز و نیاز
ہو کے فارغ جبکہ آیا اپنے گہر
کے گہڑا اپنی مکان پر میان
اپنی بے بی سی یہہ پوچہا اوسنی جا
یہہ کہا عورت نی اوسکی ایمان
ہو گئے گرد اوسکی قوی سا پہیڑ یا
شکر حق کرنے لگا وہ نیک خو
اب مین جاکر سینچتا ہون کہیت کو
کل نہ آوی ہاتہہ مین تیری اگر
آخرش اوٹہہ کر وہ مرد نوجوان
جاکہ دیکہا کہیت کو جو غور کر
خود بخود اوس نہر سی بہ گیا ان
ہوگئے حیران مرد بولا ای خدا
اب نہ ہمسایہ میرا ایسا بہلا

ہوتی ہی بالکل خراب اے مہربان
پس نماز اور رنج کو دو نو کہو چکا
ہر طرح کی رنج مین تہا مبتلا
چل نماز جمعہ کو جو ہو سو ہو
اور سوا اسکی ہی سب شئی کو فنا
اور کار دنیوی کو ہی فنا
اس سی زیادہ کون ہی بس بے تمیز
حج مسکینونکا ہی دن جمعہ کا
اجر قربانی کا پایا اونٹ نے
اور بہولا ہی دل سی سب دنیا کی فکر
سامنی حق کے پڑہی اوسنی نماز
دیکہتا کیا ہی کہ وہ اوسکا شتر
عاجز و مسکین غریب و ناتوان
کسطرح یہہ اونٹ آیا ہی یہان
ایک درندہ اوسکو لایا ہی یہان
مار کر یہان تک اسی پہونچا گیا
یہہ کہ رب لایا ہی میری اونٹ کو
اپنی اوس معمول پر جتنا کہ ہو
جز کو تومت چہوڑ پیر ای بہرور
کہیت کے جانب ہوا اپنی روان
پایا سب سرسبز اور خوش تازہ تر
اوسکی ہر کیاری مین ہی پانی رواں
کہیت یہہ سیراب کیون کر ہو گیا
کہیت مین پانی مری دیتا جو آ

پوچھا آخر اوسنی ہمسا تو سی جا — کھیت مین پانی ہمرے کسنی دیا
بولنے سب ہی یہہ عجب ایک ماجرا — خود بخود پانی ادہر کو ہو لیا
سینچتی تہی ہم تو اپنی کھیت کو — پر یہہ پانی جاتا تہا تیرے کھیت کو
رو لگتی تہی پر ترے خسی ہم اگر — پر یہہ تیرے کھیت مین کرتا گذر
ہو گئی لاچار جب ای باادب — چھوڑ کر آخر گئے ہم بیٹھہ سب
حکم حق سی کھیت مین تیری میان — ہر کنارے مین ہوا پانی روان
ہو گئے شادان اور خرم وہ جوان — شکر حق کرنے لگا بس بیکران
جو کوئی دینار دون کو ترک کر — باندہ لے حق کے عبادت مین کمر
آپ خود آ کر یہہ دنیا ای خلیل — پانو مین اوسکی پڑے ہو کر ذلیل
دین کو دل سی کرے جو اختیار — خود بخود دنیا ہو آ اوسپر نثار
اور جو حق کو چھوڑ دنیا مین پڑے — دین دنیا سب خراب اپنی کرے
خسی کے دنیا مقدم دین پر — وہ ہوا خوار و تباہ خستہ جگر
ہو گیا اوس شخص پر قہر خدا — جو ہوا دنیار دون مین مبتلا
ہو نہ حاصل دین نہ دنیار دون — قعر دوزخ مین پڑے جا سرنگون
ساقیا وہ جام دی اب تو نو — عشق دنیا جس سے مجھہ پر سرد ہو
چھوڑ کر دنیا و دین کو سربسر — حکم پر دلدار کے باندہون کمر

سوال کرنا کسی زاہد کا ایک امیر سی کہ کسقدر سعی اوس امیر کی بیچ حاصل کرنی
اسباب دنیا کے اور تنبیہ کرنا اور ڈانٹنا اوسکا اور بیچ حاصل کرنے سامان آخرت

ایک عارف نی کہ تہا صاحب کمال — ایک منعم سی کیا اوسنی سوال
یہہ کہ دل تیرا ہی ہر شام و سحر — دے نہ مال و منال اے نامور
سعی تیری بہر دنیار دنی — کسقدر ہے کہہ تو ای مرد غنی
یون کہا اوسنی کہ بی حد و شمار — کار میرا ہے یہی لیل و نہار
یہہ کہا عارف نی اوسکو تو بہلا — رہتا ہی اسکی تگ و دو مین سدا
کیا ہوا حاصل تجھے میرے خلیل — یہہ کہا اوسنی کہ کچھہ قدر قلیل

بر جو ہے مقصود ای روشن ضمیر ... بر نہ آیا اوس سی کچھہ غیر عبیر
یہہ کہا عارف نی اسکی ہی ثواب ... فکر مین تحصیل کے ہر روز و شب
رنج و غم مین تو عبث اوسکی میان ... عمر کو کرتا ہی اپنے رایگان
قبلہ اپنا شغل کو اسکے کیا ... عمر اپنی اسکے پیچھے تونے فدا
جانتا ہی وہ جو کچھہ توای فتا ... اوس سی کچھہ حاصل نہین تجھکو ہوا
مدعا دلکا تیرے اوس سی کہین ... کچھہ نہین حاصل ہوا ای نیک دین
ہے بھلا دنیا سی یہہ عقبی کا گھر ... سعی کچھہ اسکے لئے تونے مگر
اوس سی کچھہ حاصل بھی کیونکر ہو جان ... مین نہین کہتا تو کہہ ای نکتہ دان
یعنی اس دنیا ردون سی اسے تجھے ... دار عقبی ہووی حاصل کسے تجھے
مرد وہ ہین جو کہ دنیا چھوڑ کر ... باندہتی ہین راہ عقبی مین کمر
اور تو بہر گاو نفس بیحیا ... کرتا ہی ہر دم نماز اپنی قضا
یاد حق کو تو نماز فرض جان ... اس سی رہتا ہی تو غافل ہر زمان
اس جہان فانی مین تو فانی ہوا ... راہ عقبی کو دیا دل سی بھلا
واسطی عقبی کے تو اسے بے ہنر ... چھوڑتا مردار دنیا کو اگر
خود تجھی یہہ زال دنیا ہو ذلیل ... پانو مین پڑتی تیری ہی قال و قیل

اسمین یہہ بیان ہی کہ جو شخص دنیا کو چھوڑتی اور ترک کرتی ہین دنیا اون سے پیچھی دوڑتی ہی اور جو لوگ دنیا کے درپی ہوتی ہین دنیا اون سی بھاگتی ہی

حکایت

ایک صاحب دل ولی باعز و جاہ ... باخوشی بیٹھا تھا اندر خانقاہ
اور گرد اوسکی مرید اور طالبین ... جمع بیٹھی تہی بصد صدق و یقین
ناگہان سے جانور ایک طرف سی ... سامنی کو آ گئی اڑتے ہوئے
ایک تھا ایک پیچھی بھاگت ... اور اوسکی جستجو مین دوسرا
اور نہ بچ آگی تھا کبوتر بس روان ... تھا بسی عاجز اور حقیر و ناتوان
اوسکی پیچھی مرغ زرین بالی پر ... اوڑتا جاتا تھا وہ باصد کر و فر
اور پیچھا مرغ زرین کے اوڑتا ... جاتا تہا نزدیک کو اچون ہوا

کرتا

کرتا تھا ایسی ہر ایک کوشش دلی
ہاتھہ آتا تھا نہ ایک ہی ایک کے

دیکھ یہہ بولے مریدان شاہ دین
ماجرا ایسا کبھی دیکھا نہیں

کیون کبوتر کے ہی یہی مرغ یون
اور یہی مرغ کی کوا ہی کیون

ہی کبوتر کا مطیع کیون مرغ یون
زاغ باغی مرغ کا تابع ہی کیون

جنس ہی سی تخلف مین ہی یہہ کیا
ایک کا تابع ہوا جو دوسرا

جنس کا طالب ہی اپنی ہر کوئے
جنس سے ہی جنس کو میل ای ولے

جنس جان جنس کی رکھتی ہی میل
ساتھہ دیکھی دن ہی اور ہی شب کی لیل

ہوتلی ہو مومن کا مومن آشنا
اور کافر ہی کافر مبتلا

صالحون کی ساتھہ ہووین صالحان
ساتھہ بدکار رہتی ہون بدکاران

زاغ ہمرہ زاغ کی ہو کر اوڑین
بلبلون کے ساتھہ بلبل خوش رہین

انبیا اسواسطے پیدا ہوئے
جنس سی انسان کی ای ایک پی

آدمی تا ملکی اپنی جنس سے
بے تکلف راہ حق کا سیکھہ لے

جنس سی ہو جنس اپنی کامیاب
فیض ہو ہم جنس سی سکو شتاب

انبیا ہوتے فرشتون سی اگر
کب پکڑتے اونسی او نسبت بشر

کب بھلا انسان ہو کر بیحجاب
راہ حق لیتے فرشتون سے شتاب

ایک خلاف جنس سی ہون سو حجاب
اور ہون ہمجنس سے لکھہ فتحیاب

فایدہ جنس سی ہو جسقدر
غیر جنسیت سی ہو وثنا ضرر

روح جو آئی ہی ملک امر سے
زہد و طاعت سی ای راغب اسلیے

جسم ملک خلق سی پیدا ہوا
خواب و خور مین اسلیے ہی مبتلا

نفس سکے پیدائش ان دونی ہوی
حق نی خو دونو کی اسمین جمع کے

جو کرے یہہ میل جان خاکی کی
نفس امارہ ہی ہے اوسکو طے

اور کرے جو روح کے جانب گذر
نفس لوامہ تبہی ہی اوسوقت بر

میل ملک امر کا جب اسمین ہو
آدمی لوامہ کی جہانب دہر دو

جو ہمت کو شخص سی لاہوتی کو حاصل
ملہم کیدائت پھر رکھتا ہی

بعد تہذیب اور کمال اجتہاد — سلطنت ہووے اور اہل وداد

اس تن کے کب ہی امداد اجتہا — ماجرا اون جانورون کا یہہ سنا

جواب دینا اوس صوفی کا مریدون کو واسطی تسکین اور دلجمعی کے اور بیان کرنا حال اون جانورون کا کہ ایک کے پیچھی دوسرا اوڑتا تہا

مرد صوفی کو ندا ئی نہان — یہہ مریدون سی تو انی کر بیان

جو اوڑتی جاتی ہین یہہ تیز جانور — ہین مثال اونکی سمجھہ اور غور کر

بہاگتی ہین ایک جو دنیا سی دور — دوسری طالب ہین اسکی الغرور

یہہ مثال اونکی ہین تیز جانور — ایک سی ایک بہاگتا ہی دورتر

طالب و تارک ہین جو دنیا کی اب — ایک کو ہی دوسرا کرتا طلب

بہاگتا ہی یہہ کبوتر جی [illegible] بے — مرغ زرین کے فریب و مکر نے

اور دوڑے مرغ زرین اسکی ہے — تا کہ اسیر آپ کو قربان کرے

لیکہ ہرگز یہہ کبوتر نہار [illegible] ہین — ہاتہہ آتا مرغ زرین کی نہین

اور پیچھی مرغ زرین نے اوڑا — حرص سی جاتا ہی کوا پیچھا

پر نہ ہاتہہ آتا ہی ایک کے دوسرا — گرچہ کوشش کرتے ہین بے انتہا

جان عارف ہی کبوتر کے مثال — جاتا ہی حق کی طرف بی قیل وقال

اور زرین مرغ تو دنیا کو جان — دوڑے ہی عارف کی پیچھی یکمان

زاغ یعنی اہل دنیا حرص سے — جون زغن مردار دنیا پر پڑے

گر تو دنیا دار کو کوا شمار — ہوتا ہی مردار دنیا پر نثار

اہل دنیا واسطے دنیا کی مار — دوڑتا ہی ہر طرف ہو بیقرار

لیک وہ مکارہ اونسی بہاگ کے — مرد حقانی کے جا پیچھے پڑے

بہاگتا ہی مرد حقانی مگر — یکہ سی وہ دشمن بیجا کی خوف کر

دوڑتی ہی اوسکے پیچھے یہہ سدا — بہاگتا ہے اس سی وہ مرد خدا

ہی یہی دنیا کا یارو ماجرا — بہاگے ہی جو اس سی یہہ دشمن [illegible]

اور جو اسکو طلب کرتے ہین یہان — بہاگتے ہی اوس سی یہہ [illegible]

اور سن اسپر تو مجہسی ایک مثال — نیک لوگون کا ہوتا معلوم حال
ایکدن ہارون رشید بادشاہ — تخت پر بیٹھا تہا باصد عز و جاہ
اور گرداگرد اوسکی لا کلام — تہی کہڑے آداب سی لونڈی غلام
مہربان اوپر جو تہی سلطان مدام — حکم یہہ مختار کارونکو دیا
جو کہ توشہ خانہ مین موجود ہے — سامنی لا کر دہرین ہا سیم سرسے
سنتی ہی مختار کارون نی جیب — ہر طرح کے نعمتین موجود ہے
حکم پہر لونڈی غلامون کو دیا — شہ نی کی یہہ نعمتین تمکو عطا
جسکو اس نعمت سی جو مطلوب ہے — لے او ٹہا ئین سی وہ بی گفتگو
سنتے ہی اسباب کی باندی غلام — کر چکے ایک ایک ہر ایک نعمت [illegible]
کر کے چھینے اور چھینے کچھ لیا — ہاتہہ ایک لونڈی نی شہ پر رکہدیا
پہر خفا باندے سی یون شہ نی کہا — رکہدیا کیون ہاتہہ مجہہ پر اب بتا
عرض کے لونڈے نی جب ای نیک خو — صاحب ان نعماتکا موجود ہو
اوسکی سمجہے بے کیا پہر جو شہا — چہوڑ صاحب کو پڑی نعمت پر جا
بادشاہ سنتے ہی جہٹ اٹہا [illegible] — اوسپہ عاشق ہو گیا دل جان سے
اور کہا شہ نی اوسی ای با ادب — کر دیا آزاد تجہکو مینی اب
اور یہہ سب نعما اور باندی غلام — کر دی تجہکو عطا اے نیکنام
اس طرح سی جو کوئی حق کے لئے — دل سی سب نعما ر دنیا چہوڑ دے
چہوڑ کر نعما ر دنیا سربسر — دل لگا دے اپنی حق سی بیشتر
حق تعالی ہو کے خوش اوسکو بخشی — آخرت کی نعمتین سب اوسکو دے
تو بہ ای امداد بہر ذو الجلال — دو جہان کی نعمتون پر خاک ڈال
ما سوا پر ہو نہ ہرگز مبتلا — خالصاً مستغرق حق سی ہو دل

اسمین مذمت اور برائی اون لوگون کی ہی کہ فخر کرتے ہین ساتہہ منصب باپ دادا [illegible]
[illegible] اپنی کی [illegible] ہونیکا جاہل [illegible] کی اور جمع [illegible] صد [illegible]

کیا ہی دنیا جان تو ای بے ہنر ۔ قرب سلطان ہی تو کر اس سی حذر
ہو شش بر کسی ہی ہی اور دلسی سرور ۔ قرب سلطان اس سی رہ تو دور دور
ہی سعادتمند وہی اے فتا ۔ آپکو جسنی لیا اس سی بچا
قربت سلطان سی بچ کر بچ سکے ۔ کیونکہ یہہ تیرا وبال جان ہے
اور ہے ایمان کا بہی اسمین ضرر ۔ ہو سکی جتنا تو کر اس سی حذر
اسکی اوپر کہتا ہون ایک داستان ۔ کان دل سی تم سنو ای مہربان
نیک لوگون کا طریقہ ہی یہی ۔ جو بیان کرتا ہون تجہسی ای عزیز

داستان

ایک تہا درویش بس روشن ضمیر ۔ راہ حق مین جیسے وہ کامل بے نظیر
چہوڑ کر دنیا کے سارے کاروبار ۔ کر لیا تہا اوسنے گوشہ اختیار
خلق سی ہو کر جدا جنگل مین جا ۔ کرتا تہا تنہائی مین یاد خدا
بیٹہہ کر ایک غار مین تنہا سدا ۔ ذکر حق مین ہر گہڑی مشغول تہا
باہر آتا تہا نہ وہ اوس غار سے ۔ پر کبہی حاجت ضروری کی لیے
بعد ہفتہ کے جو ہوتے اشتہا ۔ کہاتا تہا برگ شجر وہ پارسا
ایکمدت ہو گئی اوسکو بسر ۔ ذکر حق کرتے ہوئے اسطرح پر
تہی اوس عارف پر عنایات خدا ۔ واصل مولا وہ رہتا تہا سدا
چہوڑے اس عالم کو جو حق کی لئی ۔ بے شبہہ وہ اپنے دلبر سی ملے
جہد و کوشش شرط ہی بڑی نیر ۔ راہ مین دلدار کے شام و سحر
ہے بہت باریک راہ دلربا ۔ چل سکی نہ بے راہ بر کیسے بہلا
منگی اس رہ مین بہت سی گہاٹیان ۔ ہیں کب ہی راہ بر کے ای فلان
ہی ہمین حضرت محمد اسلیئے ۔ راہ بر لے سنا تہا پہر تو راہ سے
راہ بر لے تا تو سیدہے راہ جا ۔ کہا ہیگو نہیں ڈر تہا ہو گا مبتلا
اولیا مین راہ بر اس راہ کے ۔ انکے دامن کو پکڑ اور راہ سے
عمر بہر کرتا رہے روزہ نماز ۔ نہ ہو وے مرشد تو کب ہو شہ بان

ستر باطن کب تیرے دل کا کھلے / تو عبادت گرچہ کیسی ہی کرے

گرچہ کی تو نے عبادت سالہا / لیکہ بے مرشد تو ویسا ہی رہا

جو کہ تھی حرص و ہوا دل میں بھرے / اس عبادت سے نہ کچھ کم وہ ہوئے

جو نتیجہ حرص و ہوا دل میں تیرے / اس عبادت کو تیری برباد کرے

لوٹتا ہے حق دیکھ دیدہ کر کے باز / منع کرتے ہیں گناہوں سے نماز

عادتاً ہے یہ تیرے روزہ نماز / ستر باطن ان سے کب تجھ پر ہو باز

پیروی گر جا کسی مرشد کی تو / تا کہ کردے تجھ کو وہ سیر راہ کو

ورنہ اس رہ میں تو ہی بے خبر سدا / ٹھوکریں کھاتا پھریگا جا بجا

ہے کجی تو دل میں ذرا ایک سے / بن کمان کے تیر کیونکر چل سکے

تیر دیکھا ہے کوئی بھی اب بتا / بے کمان کے جا نشانی پر لگا

کس نے پایا ہے صراط المستقیم / بے مدد مرشد کے بتلا اے کریم

انتہا رکھتا نہیں ہے یہ سخن / حال اس درویش کا اب مجھ سے سن

آنا دنیا کا ایک عورت نازنین کی صورت بن کے آگے اوس عارف کی

درمیاں اس غار کے وہ پارسا / ذکر و فکر حق میں رہتا تھا سدا

ناگہاں ایک روز اک پر خندہ فال / ایک عورت صاحب حسن و جمال

با ہزاراں خوبی و زیبندگی / آگئی خدمت میں اس درویش کے

دست بستہ با ادب ہو کر کھڑے / عرض خدمت یہ کی درویش سے

جو کرو اس دم قبول حضرت مجھے / کیا کروں میں کے کرم سے دور ہے

تیرے خدمت میں رہونگی میں مدام / جو کہ فرماؤ بجا لاؤں تمام

دیکھ کر درویش نے اوسکی تئین / کر لیا معلوم باطن سے یہیں

ہے یہ دنیا مکر اور نابکار / سامنے آئی میرے کرکے سنگار

یہ کہا درویش نے ای بیحیا / دور ہو مجھ پاس تو ہر گز نہ آ

بھاگ کر تجھ سے یہاں آیا ہوں میں / چھپ کے تجھ سے ہوں تنہا غار میں

پھر کہ گردن [illegible] تجھ ای پلید / مکر سے ڈرتا ہے تیرے مرد سعید

یہہ کہا اوسنی کہ ای درویش جان
حق مین میرے تجھکو اے مرد یقین
آئی ہون مین حکم حاکم سی یہان
کہکے یہہ نظرون سی وہ غائب ہوئے
یہہ کہا عارف نی جو وہ آئی گے
گر نجاوےگی وہ میری پاس سے
گر نجا مجہہ پاس سی دنیا ردون
مال دنیا ہی یہہ زہر سہم ناک
یعنے اوسکو صرف کرنیکا امر مین
واسطی حق کے جو دی تو ایک یہان
کر سخاوت کا تو شیوہ اختیار
چاہتا ہے وہ جو مجہہ پروردگار
دس برس تک وہ فقیر اوس غار مین
کوئی آتا تہا نہ اوس پاس ای بسیر
گائین بکرے اونت خچر اور گدہے
اتفاقا ایک برس تقدیر سے
خشک سب کہیت اور جنگل ہو گئے
گلہ ہای اشتر و گاوان خر
کچہہ جچا پاتی تہی سبزہ کی بو
یونہین پہرتے پہرتے ایکدن ناگہان
چند ایک چوپائی گرد اوس غار کے
پہر تو چروانے وہان آنی لگے
ناگہان ایکدن وہ عارف غار سی
نکلے تہی جو حق کی عبادت میشتاب

حاکم سی حق کے مین آئی ہون یہان
فایدا کچہہ منع کرنی مین نہین
کیون خفا ہوتا ہی مجہہ پر ای میان
اور عارف کو ہوئی دہشت بڑے
جو تمین مجہسی بہشت سی کہائی گے
گور کا مصرف کرون گا مین اوسے
خرچ اوسکو راہ عقبی مین کرون
گر اوسی پاوے تو اوسپر ڈال خاک
تاکہ کام آوی وہ تیری قبر مین
اوسکی بدلہ پاوی تو سو حصہ وہان
تاکہ راضی تجہسی ہو پروردگار
کرتا ہی اسباب اوسکا آشکار
تہا ہا مشغول حق کے کار مین
کیونکہ بستی سی تہا جنگل دور تر
وہان تلک آتی نہ چرنی کے لیے
تہا عالم مین پڑا حد سے پرے
آدمی حیوان کل مرنی لگے
پہر چروانے لئے ادہر اودہر
دوڑتی چوپائی جہت اوسطرف کو
آئی پاس اوس غار کی سب راعیان
دیکہہ سبزہ چگتے چگتے آگئے
لیکے چوپائی چرانی کے لیے
آتی تہا ہر ایک حاجت کے لیے
نور حق تہا دیکہتا ہو یہہ سی آشکار

یعنی خدا کی راہ مین خرچ کر تاکہ قبر مین تیری کام آوی

دور سی چہرہ الہ صورت دیکھہ کے
اعتقاد دل سی جا بر ایک نے
جو کہ تہا درویش مشغول خدا
جسکو حاصل ہووے وصل دلربا
آخرش سب نی بصد عجز و نیاز
آپکو خواہش ہوا حسن خبر کے
دیکھا جو درویش نی اونکی تیئن
کرکے اونکی عجز و زاری پر نظر
ایک مدت سی یہہ نفس ہے میرا
شیر کے دو ایک دیکر بہوت یار
عرض کے یون خط سی یاران کے اب
جب نہ انکو دودہ کھانے کو ملا
اور کہا رو رو کے سب نی یہ سخن
دیکھہ کر درویش اونکا اضطرار
ایک گابھین کرکے ان سب سی جدر
کرکے بسم اللہ اب ای نیک راہ
کار عقبی مین ہی کوشش شرط یار
کوشش جان سی سن ذرا ای مہربان
سعی و کوشش سے اونہی کے بامراد
نے سفر چلنی کے کب ہو راہ طے
راہ کو کر قطع چل پانو اوٹہا
ہو مسافر کو کہان آرام و خواب
راہ حق دیکہا سے کیا آسان یار
راہ لی چل بخشی کے دامن کو پہاڑ

گرد اوس درویش کے آکر ہوے
رکہدیا پانون پہ سر درویش کے
اونکے جانب کو نہ کچھہ راغب ہوا
پہیر اوسکو اوسی مطلب کے کیا
یہہ کہا درویش سے ای پاکباز
حکم کیجی ہم بجا لاوین ابہی
پاس سی میرے یہہ ٹلنی کے نہین
یہہ کہا کچھہ دودہ لاو ہو اگر
مانگتا ہی دودہ بہی برملا
تا مین مار نفس کا دون زہر مار
گابھین بکری ہو گئی بی دودہ سب
شیر انکی خشک پستان سی ہوا
تنی جو چاہا نہ آیا ہمسی بن
یہہ کہا اونکو کہ ای مردان کار
اوسکو دو ہو تم خدا کے نام پر
سعی کر تو ہو کے امداد الہ
جہد کوشش کر جو تو ہی ہوشیار
کہتے ہین کیا سرور پیغمبر آن
کرتے ہین جو نفس پر اپنی جہاد
جہد کر چل منزل مقصود لے
بیٹھنے کا رہ مین کیا ہی فایدا
ہر گھڑی رہتا ہی اوسکو اضطراب
جو کھڑا ہی تو یہان پانو پسار
تا نہ اولجھی سی اندر خار و جہاڑ

عن فضالة بن عبید رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم المجاهد من جاهد نفسه

ہے یہہ منزل پر خطر با خار و زار ۔ جو تو جا کر طے کرے ہو بالکل فگار
یعنی یہہ کپڑے لو لجھکر جھاڑ مین ۔ خوب یا تن کو تیری زخمی کرین
طاق مین رکھہ تن سے تو کپڑے اوتار ۔ با دل فارغ تو پھر لے راہ یار
دور ہی منزل بہت رہ مین پہاڑ ۔ اور بہت سے جا بجا کانٹون کے جھاڑ
چاہئیے جو تو جا اُس راہ کو ۔ ہاتہہ مین لے اپنی تیشہ تیز کو
قطع کر یہہ خار رہ سے تاکہ تو ۔ جلد پہنچے منزل مقصود کو
ورنہ لے تیشہ ترا تن ہو فگار ۔ روکدین رہ سے تجھے یہہ سنگ خار
یعنی لا سے تیز تیشہ بنا ۔ سنگ غیریت کو پھر رہ سے اوٹھا
منزل مقصود الا اللہ کر ۔ سیر وہان جا با دل آگاہ کر
یعنی یہہ حرص و ہوا دنیو سے ۔ غیر حق کے ہے ترے دلمین بھرے
بہر حق تو دل سے انکو دور کر ۔ نور عرفان سے اسی معمور کر
یہہ سخن کے بیان ای دوستو ۔ حال اوس درویش کا مجھسے سنو

قصہ دودھ بنا ایک بھڑیکا آزمایش اور بد اعتقادی سے

ایک چرواہا غرض اوسے ہو تھا ۔ پاس گاو نارسیدہ کی گیا
اوسکی دہنی کا ارادہ کر لیا ۔ تاکہ لیوی امتحان درویش کا
اوس جوان نے پاس اوس گائے کے جا ۔ ہاتہہ اوسکی تہنون پر رکھہ دیا
ہاتہہ رکھتے ہی تہنون پر سے گمان ۔ دودھ کے نہرین ہوئی اوس سے روان
ہوکے حاضر سامنے درویش کے ۔ دودھ لے با اعتقاد حاضر ہوئے
دودھ لے عارف نے اوسسے پی گیا ۔ بعدہ اوس غار مین جا کر چھپا
ریوڑو نکو لیکے ساری اعیان ۔ شہر کے جانب ہوئی چارو روان
شہر مین وہ سب گئے داخل ہوے ۔ اوس کرامت سے دلی حیران تہی
دن کئی گذرے غرض اسطرح پر ۔ آ گئی تہی چرواہا اوس غار پر
رفتہ رفتہ شہر مین پہر جا بجا ۔ اوس کرامت کا بہت چرچا ہوا
تہا خلائق کے زبان پر یہہ کلام ۔ شاہ تک بہی ہو گیا قصہ یہہ عام

سستی ہی اسباب کی تہہ نی کہا
چلکے اوس عارف کی زیارت کیجے
اوسکا ثانی کوئی عالم مین نہین
لیکے یہہ اور اوٹھکے باصد التجا
شہ کے آنی کا ہوا درویش کو
صحبت میر و وزیر و بادشاہ
ہے سلاطینون کے صحبت مثل آگ
انکی صحبت سی ہر ایک حیران ہو
ہے تکبر انکی لوان دلمین بہرا
پاس سلطانون امیرون کی نجا
صحبت انکی کر غفلت لاتی ہے
اسکے سبب فرماتی ہین خیر الزمان
ہرنہ جو ہون ہمنشین ہم طعام
جو دی عالم رہا امیر دنسی ملے
بس ڈرو انسی بچو اہی مومنین
الغرض شہ عجز و زاری سی سدا
بہہ تو دو نو عارف شہ کی حضور
تے ہوتے جا ہا یون سلطان نے
سوچ کر دلمین کہا دستور کو
باعث برکات رحمانی ہی یہہ
اسکے قدمون کے طفیل ہی ہر ور
شہر مین ہوا سطرح کا مرد جو
الغرض آیا وزیر [illegible] جو
با ادب کی عرض [illegible] آتی

سب امیرون اور وزیرون سی بلا
کیونکہ وہ دور سے مین اپنی فرد ہی
عالم و کامل بڑے سلطان دین
خدمت درویش مین حاضر ہوا
شغل مین حق کے ہر جی گفتگو
ہے ہر اقتبہ سمجھہ اہی نیک راہ
تیر کے مانند انسی دور بھاگ
عاجز انکی مکر سی شیطان ہو
بکریون پر جسطرح ہو بھیڑیا
آپ کو انسی ہر صورت بچا
اور قناعت کا اثر لیجاتی ہے
دین حق کے ہین امین یہہ عالمان
ساتھ سلطانون امیرونکی مدام
دین کے بیٹھک ہوئے وہ جوت نی
تا تمہارا ہیچ رہے اسلام و دین
پاس اوس درویش کے نہی لگا
ہو گئی آپسمین جیون شیر و شکر
خوب ہو جو شہر مین عارف چلے
جو چلی محلون مین عارف خوب ہو
سایہ انوار ربانی ہی یہہ
رحمت حق ہو وے نازل شہر پر
زیب شاہی رونق اسلام ہو
پاس اوس عارف کی باصد گفتگو
شہر مین چلیے تو اب کیا خوب ہے

مرد آزادہ تہا وہ مرد خدا
بولا وہ سن ای وزیر اب مجکو کیا
مجہکو آبادے سی ویرانہ بہلا
ہے موافق طبع ویرانہ مجہے
طالب آرام نفس اپنی کا اب
مرضیٔ حق کا ہون طالب مین سدا
ہے بہلا حق مین میرے گوشہ سدا
کہتے ہین حضرت محمد مصطفے
اختلاط خلق سی ہی جو بچا
فایدا وحدت مین ہووی جسقدر
جتنی کثرت سی بچایا آپ کو
پہر وزیر حیلہ جو نے عرض کے
کب پہنچتا خلق کو دین خدا
یون اگر گوشہ پکڑتے اولیا
یون کہا درویش نے ای باخدا
لیک جو بیمار ہو ای باشعور
جو نہ بیمارے مین پرہیز اب کرے
او صحت جتنی پائی مرض سے
انبیا اور اولیا راسخین
لیک مجہہ مین مرض کچہہ باقی ہی اب
سنکے بولا وہ وزیر اے نیکخو
تارک دنیا ہو تم تو بالیقین
خود بخود ای مین ہم باالتجا
تیرے نفس پاک سی ای مہربان

یعنی فرمایا حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے السلامۃ فی الوحدۃ والآفات فی الاثنین ۱۲

بہاگ تا تہا خلق سی کو سون سدا
خلق کے ملنی سے تہا فایدا
اختلاط خلق سی ہے سو بلا
اور ہر یک طالب آرام نے
مین نہین ہون ای وزیر باادب
خوب تنہائی مین ہے مرضی ادا
گاو خر مین ہی نہی کا کیا فایدا
جو رہا تنہا وہ آفت سی بچا
جان اپنی کو سلامت لیگیا
او سکی سو درجہ جو کثرت مین ضرر
ملک وحدت کا ہوا سلطان وہ
گر پکڑتے اسطرح گوشہ نبی
رہتا گمراہی مین ہر ایک مبتلا
راہ حق پاتے یہہ کب خلق خدا
جو کہا تو نے یہہ حق ہی اور بجا
چاہیی پرہیز او سکون بالضرور
نے شنبہ وہ ہات دہووے جان سے
کیا دوا پرہیز کے حاجت اوسے
رنج بیماری سی مین پاک ای متین
چاہیی پرہیز مجکو اس سبب
کسر نفسی سی یہہ اب کہتا ہی تو
آیسی ہم پاس تم آئی نہین
آگئے خدمت مین ای پیر ہدا
ہوگئے روشن ہمارے جان جان

تیرے صحبت سی ہوئی ہم پر تمام
تا کہ منی تیرے ہوا و حرص سب
ہین یہہ فرماتے امام المرسلین
نفع جس سی ہو خلایق کو تمام
تم بہی اسیر کچہہ عمل اب کیجیے
فیض سی تیری ہون وہ ذاکر تمام
کرتے ہین کفران نعمت جو کوے
بولا عارف جاہی تشنہ چاہ پر
جو کہ چاہی مجہسی وہ آدمی یہان
الکمدت الغرض اسطرح بس پر
آخرش جانا جو عارف نی کہین
بولا بہتر تیرے فرحت کی لیئے
بعد اوسکے جو صلاح وقت ہے
ہولیا درویش ہمراہ وزیر
شاہ نی دیکہا جو اوسکو دور سے
وہ فقیر اپنی خلاصی کے لیئے
تا کہ دیوانہ سمجہہ کر اسکہڑے
باہر درویش وہان ستانہ وار
بے محابا اسقدر مارا کہ شاہ
بہاگ کر نکلا جہٹ اوس دالان کی
اوس مکان سی شاہ جب باہر ہوا
شاہ نے جانا کہ عارف لطف کی
اس مکان مین تا نہ بیٹہہ کر رکے
مار سے ہو اسکے یہہ تہا فایدا

عیش دنیا سے ہوا بالکل لا کلام
محو دل سی ہوگئی ایک لخت اب
ہے وہ سب لوگون مین بہتر بالیقین
فایدا اوس سی اوٹہاوین خاص و عام
فیض اپنا چلکے سبکو دیجیے
جو پڑے ہیتی ہین غفلت مین مدام
تیرے صحبت سی ہون شاکر وہی ابہی
چاہ پیاسی پاس کب جاہی نیر
مین بہلا کسو واسطے جاوَن وہان
عرض کرتے ہوگئے اسکو نیر
یہہ وزیر اب یہان سی ٹلنی کا نہین
مین چلون گا شہر مین سلطان کے
وہ کرون گا تیرے خاطر جان لے
سوے دولت خانہ شاہ کبیر
اوٹہہ کے آیا واسطے تعظیم کے
مارنے تہہ لگا سلطان کے
چہوڑ دے سلطان مجہکو ای وزیر
مارتا تہا بے خطر پیہم ہزار
بہاگ کر وہانسی گیا با درد و آہ
جسمین بیٹہا تہا وہ سلطان شاہ کی سی
حکم حق سی وہ مکان جہٹ گر پڑا
مارتا تہا مجہکو تہہ اسلیئے
کیونکہ تہا معلوم اوسکو کشف سی
تا کہ اس صدمہ سکی دی مجکو بچا

چاہی تہا عارف چہٹانا آپ کو
چاہی تہا یہہ تو کہ ہو بد اعتقاد
صدق دل سی با ہزاران التجا
عرض کی ای پیشوای عارفان
کیا کرون احسان کا تیری شکر مین
خضر نے کشتی جو توڑی تہی جو یہی
اسطرح مجکو بہی تو نی خضر وار
جانا عارف نی کہ ہے حکم خدا
دلسی اپنی پہیر یون کہنے لگا
مرضی حق پہ نظر رہنا چاہیے
یعنی خواہش پر خدا کے بر ملا
مال دنیا گرچہ ہے زہر اور بلا
الغرض کہنی سی عارف شاہ کے
شہ نی عارف کی لیی با عز و جاہ
ہر طرح کی نعمتین موجود کے
وہ فقیر پاک جان و راست باز
عیش دنیا مین تہا ظاہر مین پہنا
پوستین اور دلق کو پہنی ہوئی
ایک حجرہ مین وہ تہا بیٹہہ کر
باخوشی رہتا تہا اوس گدڑی مین وہ
کچہہ نہ اوس دولت سی حاصل تہا اوسے
گرچہ کی دنیا یہہ ملعون ازل
مال دنیا گرچہ ہے زہر اور بلا
نیک کاموں مین تو اوسکو صرف کر

حکم حق تہا مبتلا یہہ اور ہو
مرید ہو تہا شہ کو زیادہ اعتقاد
آگیا شہ عارف کی قدموں پر گرا
لطف کا تیری گردن مین کیا بیان
جور مین تیرے ہزارون لطف تہین
تہا گر وہ ظالم کے ہاتوں سی بچے
کردیا سو ورطہ قاتل سی پار
کیا ہی چارہ جب ہوا امر قضا
مرضی حق سی تو اب یہان آرہا
زہر ہی ایک عرصہ چکہنا چاہیے
چاہیے راضی رہے صبح و مسا
زہر ہی چکہی ذرا بہر خدا اوس
شہر مین آیا نکل کر غار سے
کردی تیار محل اور خانقاہ
واسطی درویش کے با صد خوشی
ہو گیا ظاہر مین اندر عز و ناز
لیکہ باطن مین تہا وہ سب سے جدا
نفس پر کرتا جہاد ہر دم و لے
کرتا تہا یاد خدا شام و سحر
فقر پر کرتا تہا محکم آپ کو
پر فقیرون کو دیا کرتا تہا سے
بہر مومن کے لیی بیت المال
نیک ہی گر خرچے اسکو نیک جا
ورنہ تو کتا ہی مردار ہے

مال دنیا کو بقا گرچہ نہین
واسطے دانا کی دنیا خوب ہی
جانتا ہی جو کہ منتر سانپ کے
گر نہو منتر تجھے معلوم یار
تا نہ ہووے ہاتھہ اپنی جان سے
مال دنیا کے نہ ہرگز گرد جا
الغرض درویش کو رتی ہوئی
دس برس اوسکو گئی گذری نہین
زہد و طاعت مین نہ آیا کچھہ بہی فرق
تہی یہہ رسم شاہ جو ہوتا سوار
وقت گشتی کے وہ سلطان آتی
الغرض اکدن اوسی معمول پر
اور اوسی حالت مین وہ پیر تہا
ناگہان وہ زن جو پہلی آئی تہی
پوچہا عارف نی کہ تو کسواسطی
عرض کی اوسنی کہ اے سلطان جان
یہہ کہا چل دور ہو ای بیحیا
تو دغا دے ہی ہر ایککو ہر جگہ
دور ہو مجہسی کہین اب ای بخبے
پاس میرے دو تو یہہ موجود ہین
دور ہو یہان سی تو جلدی ای خبا
ہو گئی غایب نظر سی سن یہہ ذکر
دیکھیے کسطرح ہو دیگا جدا
معتقد مجہ سے ہر جو ہو گا بڑا

خوب ہے گر خرچ ہے اندر کار دین
اور نادانون کو بد اسلوب ہی
سانپ اوسکا یار غار ہوئی اوسکے
سانپ کے مت گرد پہر تو زینہار
یاد رکہہ یہہ بات میری مان لے
جو تو جاوے خرچ کر بہر خدا
ہو گئی دس سال پاس اوس شاہ کے
پیر رہا ویسا ہی اپنی حال پر
گرچہ ظاہر مین رہا دنیا مین غرق
بہر نظم ملک یا بہر شکار
آ کی زیارت کرتا اوس درویش کے
اوسکی زیارت سی ہوا وہ بہرہ ور
یاد مین اللہ کے مشغول تہا
سامنی سی دوسری بار آ گئی
آئی ہی مجہہ پاس اب تیری مجہی
تجہسی مین ہوتی ہون رخصت اس زمان
مکر سی تیرے خدا رکہی بچا
ہو تیرا تابع تو اوس سی دور ہو
پوستین و دلق مجہہ پاس ہی وے
مین نہین آیا ہون تیرے داو مین
کب تلک دیگی مجہی تو مبتلا دغا
اوسکی فتنہ کا ہوا عارف کو فکر
مال و دولت دنیوی مجہسی بہلا
آپ محکم کرے لیو ہر خدا

دیکھنی تقدیر سی ہو گیا سبب
شاہ پڑھتا ہی بہت تعظیم سے
پڑھنی پر لاحول ہوا تشا اغلب
جو قضا آوے تو ہو بر عکس کار
جو کیا چاہی ہی کوئی کار رب
ایکدن تقدیر سے ناگاہ بار
جستجو کے اور محنت بیشمار
رنج بیحد پایا ہے تکلیف سخت
وہان سی تنگ گرفتہ اوسی معمول پر
کرکے قصد ہو پڑوہ اوس فرخ درویش کے
آیا تہا گرمی مین گھبرایا ہوا
شدت گرمی تہی اور درہ کا مکان
ایک طرف تکیہ لگا دیوار کا
شاہ تہا اور عارف تہا وہان
ننگے ہو شکے شکم پر گر پڑے
چاہتا تہا اوسکی شکم پر لیٹی اوٹہا
جاگ اوٹہا یکبارگے گشتہ خواب سی
دوڑ کر جہٹ محل مین داخل ہوا
بولا غصہ سی کہ جہٹ آدمی وزیر
احد کرے آتش اسکو بر ملا
کیا کیا تہا مین کہو اسکا سزا
کیا نکو نے کہ ہی برا لایعہ کہو
جو وزیر اوس امر سی آگہ ہوا
کہنے لگا اپنی لطف و جاہ پر نظر

قتل کہنا اوسی ہو جہاں اگر اسطرح سب
دیکھیے سو دا کرے کیونکر مجھے
ہوگا جو حکم خدا سر پر ہے اب
ہو وین سب تدبیر باطل اور زار
غیب سی کرتا ہی اوسکا کچھ سبب
شاہ جنگل کو گیا بہر شکار
پر ملا اوسکو نہ وہان اوس دن شکار
دل ہوا گرمی سی اوسکا لخت لخت
خدمت عارف مین آیا دوڑ کر
پاؤن پر بوسہ دیا سو صدق سی
اوس جگہ آرام کر اوسنے لیا
کچھ ہوا آسودہ اوس سی شہ وہان
جیون مسافر تہک کے غافل ہو رہا
خنجر سلطان نکل کر از میان
اوٹہا مہربانی سی عارف نی جہٹ
ایکطرف رکہہ دون سے غافل بادشاہ
اوڑ گیا شمشیر ننگی دیکھ کے
پر غضب سی آگ کا شعلہ بنا
تا کرے درویش کو اسدم اسیر
تا کہ دیکھے فعل کا اپنی سزا
پانو نیزہ کہا تہا سرا اسکے
کہینچ خنجر جو مارے قتل کو
پڑہ گیے استغفار یون سی کہا
خان بخشی اسکی کرائی نا ہو

شاہ بولا تجھکو بخشی اسکی جان
چھین کر اس سے یہہ سب مال و منال
ہووے یہہ صدق و وفا ای اہل دل
منت ہو نازان لطف پر انکی کبھی
اعتقاد اہل دولت پر ہے
ایک دم بی حقیقت سے وہ شاہ
دشمن جان اسقدر اوسکا ہوا
دل لگا اوس شاہ سے ای بیوفا
دیکھہ کر سکے وہ جرم و گناہ
چھوڑ دے جو نہ شاہنشاہ کو
سو خطائیں کرکے تو آدمی جو بہر
مال دنیا کے بہی ہی بس وفا
جان سلامت اپنی عارف لیکیا
جو دغا کہاتا وہ اوسکی مکر سے
زیر تیغ بیدریغ شاہ دون
کے تہی اوسنے احتیاط صد سے مگر
جان و تن اپنی سلامت لیکیا
حیف ہی صد حیف ای صاحب سلوک
خاص لذت اوسکی جو دیتے خطا
شیخ اپنا شاہ تجھے ہر دم کے
تت وہ جو ہوش اوس خطاب کشتہ سے ہی
ہو جاتا ہے گویا تو اوس شاہ کو
الله الله ہے یہہ کیا اسلام و دین
جز عمر اک بے قدم سے ہوش ہے

ہے تجھی لازم ہے اسکو اس زمان
کرے نکال شہر سے اسکو نکال
دم سے بس صدق مین آیا خلل
دم مین ہی ہوئی شیطان ہی مین دم مین فوت
دل نہ بچو کوئی ای میری اسے
ہوگیا یہہ ظن اوسے عارف سے آہ
جسطرح بکری کا ہو دیکھی بہیڑیا
جو ہزارون جرم بخشی اور خطا
دی ہی روز سے لطف سے شام و پگاہ
اس سے زیادہ بیوقوف اسکون ہو
خاص ہو درگاہ مین اوسکی تو پہر
دل لگانا اوس سے ہی شک خطا
کیونکہ دنیا پر نہ اوسنے دل دیا
قتل ہوتا تہہ بسے سلطان کے
ہوتا عارف بی شبہ زار و زبون
مال دنیا پر لگی تہی کچھ نظر
مکر سے دنیا ردون کے وہ بچا
ہو تو یون نازان تعظیم ملوک
ہے نہ آوی وہ زصد غم بے شراب
یہہ نہ اسنکے تو مدہوش سا ہے
ہر دم آگی شاہ کے تو سجدہ کرے
کچھ نہین کرتا ہے یاد الله کو
شرک ہی یہہ تو رب العالمین
آیت لا تنتہ و درگوش کی

ساقیا اب آ کہین مت دیر کر
دل میرا تجہہ بن ہوا زیر و زبر

عیش کے سامان سب موجود ہین
تجہہ بنا پر ساغر یا ناسور ہین

آ کہین دمی ہیں حق اگے بہر کے جام
عیش و عشرت جس سی ہو اسیر تمام

اسمین مذمت اونکی ہی جو منصب دنیا کی مین غرق ہین واسطے خدا کے بنیاد دے

کیا ہی دنیا منصب دنیا ر دون
زہر مست جا اوسکی ہوی پر فسون

اوسکی آلودہ ہے تو نی اگر
ہات دہو موہنہ ہی ای بیکو سیر

روح کی آسایش ہر دلی کا تو جان
ایک سر مو ہی کہین اندر جہان

منصب دنیا نہیں ہی تو جان
ہی وہ کیا سمی تو اب تجہسی فرا

راہ حق سی دور جو تجہکو کرے
اور ڈلے کوئی فرقت مین تجہے

ہی یہی دنیا تجہہ ای تنگ تن
نے تماشہ نقرہ و فرزند و زن

تا یہ بدنامی اوسکا نام ہے
سر بسر ناکامی اسکا کام ہے

یہہ نہان ہر لحظہ خاص و عام سے
زہر کا پیالہ پلاتی ہے تجہے

واسطے اوسکے زہر کے دن اور رات
ہوگا تو کب تک خراب ای بیکذات

منصب دنیا ہی وہ جسنی دیا
خرمن دین کو ترے بالکل جلا

منصب دنیا ہی وہ ای پر فسون
اسطرح جسنی کیا تجہکو زبون

خوش ہی وہ مقبول جسنی یہان بہی
ہاتہ سی جہوڑا نہ اپنی دین کو

اور اس حلوا و نان کی ای فشان
موہنہ کو اپنی کچہ ہین شیرین کیا

خوش ہی وہ دانا کہ جو یہان جہوڑ کر
منصب دنیا ر دون کو سر بسر

مار کر اسپر وہ ای بہشت
خلد مین جون شاہ مردان کے گیا

مثنوی مین مولوی معنوی
نکتہ ایک فرماتی ہین سن ای اخی

ترک دنیا گیر تا سلطان شوی
ورنہ ہمچو چرخ سرگردان شوی

جہوڑ دنیا کو کہ تا سلطان ہو تو
ورنہ مثل چرخ سرگردان ہو تو

زہر دارد در درون دنیا چو مار
گرچہ دارد در برون نقش و نگار

زہر ہے دنیا کے اندر مثل مار
گرچہ ظاہر مین ہی خوش نقش و نگار

پہلے تو اوسکے بڑہاپی پر سب / بعدہ پہر اوسکو لون کہنے لگے
کیون نہین ہوتا سواری پر سوار / تا نہون بخت سیہ یا تیرے فگار
ضعیف ہی ہوتی سواری چھوڑ کر / رنج رکہاہی اور ٹٹی کے ہمسر
سمجہا نادان کوئی عالم مین نہین / نے سنا ہی اور نہ دیکہا ہے کہین
اولٹی ہون سب کام جب آوی قضا / عقل و ہوش و فکر سب ہوجا فنا
عقل کاملکو ہو حاصل خیرگی / فہم و ہوش بر ہو مایل تیرگی
پر مرد القصہ حیران ہی رہا / اور ہمراہی ہوئی مشکل ہوا
جا کے منزل پر کیا سب نی مقام / وہ رہ رہ مین پڑا با عقل خام
گر نہ سنتا یہ کبھی قول فضول / راہ چلتا بسلامت وہ ملول
جو کیا ہر قول پر اوسنی عمل / راہ چلنی مین پڑا اوسکی خلل
رکہتا ہے ہر کام مین جو اشتغال / کام مین اوسکی ہون ہر جو قیل و قال
لغو سی بچتی ہے کب خلق خدا / آپکو امداد توان سی بچا
خلق کے اچھی برے کہنی سی تو / رنج و غم مین ڈال مت بس آپکو
کہنی سننی پر نکر انکی خیال / کام کر جس سی ہو راضی ذوالجلال
نیک اور بد پر نکر اون کے نظر / کام اسکا جو کام ہے وہ کام کر
تا قیامت کہو غم دنیا و دین / بس سی اوسکی تا مین ہون فارغ
جو نہ دنیا مین خیال الکتاب / اور نہ عقبی مین غم اجر و ثواب
شغل ہو ہر دم خیال یار سے / بیخبر ہون اپنی کار و بار سے
ہر نفس یون اندر خیال عشق یار / غیر استغراق کے ہو کچھ نکار

بیان ہی خاموشی کا جو بہتری کا سبب ہو اور عادتون انسان کی

کیا ہی دنیا جان اے صاحب کمال / یہ جو بھی بحال تیرے قیل و قال
کہول کان اور لب بند کر از مقال / ہفتہ ہفتہ ماہ ماہ سال و سال
کر تو خاموشی کی عادت اختیار / جس سی ہووے دل ترا بھی ہوشیار
ہوی بعضی گفتگو ای تنگ سے / ہوگئے وہ زار گردن مین تری سے

خوش نصیب ہوئی ہین مردان خدا — بند رکھتی ہین زبان اپنی سدا
کرکے خاموشی بہت سی اختیار — کرتے ہین دل سی وہ یاد کردگار
خاموشی بس ہے مقال اہل حال — گر ادہر وین لب تو ہوجاتی ہین لال
بیٹھہ جا خاموش ہوکر ای جوان — تا خموشی ہو ترے نطق و بیان
یون رہیگا کب تلک ای بیفروغ — تو گرفتار دروغ اندر دروغ
ہوش مین آ اب نہین تو بہر خدا — آپ کو گفتار باطل سی بچا
بیٹھہ کر خاموش مجہہ پاس ای جوان — کان دلسی سن ذرا یہہ داستان
تا کہ ہو معلوم تجھکو نہنہار — فایدا اور نقص خاموشی کا یار

تمثیل حکایت

تھا کہین ایک بادشاہ عالی جناب — ایک بیٹا اوسکی تھا نایاب یاب
شاہ چاہی تھا کہ ہو یہہ ذی فنون — تا ولیعہد اوسکو مین اپنا کرون
ایک معلم ماہر تھا ام کو — کر دیا تب اسنے مقرر نیک خو
تا کہ اوس سے سیکھ لے بیٹا ضرور — ہر طرح کی علم و فن ای باشعور
چند عرصہ مین غرض اوسکا پسر — عالم و فاضل ہوا باکر و فر
حل معلومات مجہولات سے — بحث منقولات معقولات کے
عقل کامل جو کرت کسب کمال — ذو فنون دہر ہوے لا مجال
چند برسون مین غرض ای نیکنام — ہوگئی تحصیل اوسکے اختتام
دیکھہ کر فضل و کمال اوسکا تمام — کرتا تھا سو آفرین ہر خاص و عام
لیک وہ شہزادہ والا حسب — رکھتا تھا ہر گفتگو سی بند لب
وصف خاموشی کا تھا اوسنی سنا — اسلیے خاموش رہتا تھا سدا
علم سی حاصل ثمر تھا لب خاموش تھا — مثل دریا زیر لب در جوش تھا
بادشہ نی جو کمال اوسکا سنا — پاس اپنی جہت لیا اوسکو بلا
سامنے بیٹھا کر اوس خوشی سے — گفتگو کرنے لگا ہر طرح کے
وہ پسر خاموش تھا اندر جواب — سنتا تھا سب کچھ صواب و ناصواب

باوت اس بات سی حیران ہوا
کہ زبان باعث ہی کیا ای باہنر
غرض کے او سنی کہ جتنی سی شہا
ہوگیا خاموش جب سی یہہ پسر
شہ نے پہر اوسپر معین کر دیئے
کہدیا سبکو یہہ جب بولے کلام
الغرض اکدن گیا شاہ جہان
تہا پسر ہمراہ گہوڑے پر سوار
صیدگہ مین ایک تیتر تہا نہان
ناگہان بولا وہ تیتر اکبار
شاہزادہ دیکہہ کر یہہ ماجرا
جو یہہ اسدم جانور رہتا خموش
صید کب ہوتا نہ یہہ گر بولتا
گر نہ اسدم بولتا یہہ جانور
جا کی جاسوسون نے دے شہ کو خبر
شاہ نی خوش ہو باکرام تمام
یہہ کہا شہ نے پسر سے میری جان
ہو پشیمان اوس سخن سی وہ پسر
شاہ نے گرچہ بہت تاکید کی
غصہ سی بولا وہ شاہ بخرد
اوس پسر نے پہر ندیمو سی کہا
ایک دفعہ وہ جانور بولا تہا وہان
ایک سخن کہنی سی یہہ پائی سزا
ایک سخن کہنے سی دیکہو یہ غضب

اور معلم کو بلا کر یون کہا
رہتا ہی اب خاموش کیا میرا پسر
وصف خاموشی کا سنتی پڑہ گیا
کچہہ نہین اچہے برے کہتا خبر
چند مردم تا سخن اوسکا سنے
پاس بہیجا لاو اسکو والسلام
دشت مین پہر شکار وحشیان
اور شہ جنگل مین مشغول شکار
چہوڑ اوسکو شہ ہوا آگے روان
شاہ نے جھٹ کر لیا اوسکا شکار
ہنس پڑا اور یون ندیمون سی کہا
بند کرتا لب نہ کرتا کچہہ خروش
کہولا جو لب اکدم مین سر دیا
قطع کیون ہوتا اب اسکا تن سی سر
ہہ مبارک آپ کا بولا پسر
بس سنی اوسکو بلایا لا کلام
جو لکہا تہا تو نے کر تجہہ بیان
رکہیا خاموش لب کو بند کر
شاہزادہ پر نہ کچہہ بولا اسے
مار ڈالو اسکو تازیانے صد
کیا یہہ تم باتین بناتی ہو صدا
قطع سر اوسکا ہوا اور مین یہان
اسی سخن گو
تا ندامت

جو حق اور یقین میں تجھ سی یہان — دیکھی کیا حال ہوا اون کا وہان
تو نے ای مرد اعدا ادب با ہوش رہ — سو حکایت گر سنی خاموش رہ
خامشی کا قلعہ ہے مضبوط تر — صاحب اس قلعہ کا رہتا ہی نڈر
کیونکہ اس عالم میں ہین سود و زیان — ہو زبان سی آفتین اکثر یہان
تا دم آخر ز دل دم مزن — از دم خود کار خود بر ہم مزن
ساقیا آ ہی کہان تیرا خیال — بیقرار ہے ہی یہان مجھکو کمال
ہمکین دی خم کے خم موںہہ سی لگا — جرعہ جرعہ دیکی ترساتا ہی کیا
خم سی بے نسبتین ہوگیا جو بی خلل — تیا ٹ لوٹ کر جاوے میخانہ ابل

اسمین مذمت اور برائی اون لوگون کی ہے کہ مشابہت رکہتے ہین ظاہر مین ساتہہ فقرا کے اور باطن مین گروہ اشقیا سے ہین

کیا ہی زیبا ہہ تیرا اعمال سے — جبہ و پشمینہ ردا و شال ہے
یہہ مقام فقر خورشید اقتباس — ہوئی کب حاصل کسیکو در لباس
اسی ردا و جبہ پر تیرے اے چچے — مجھکو یاد آئی تو بیت مثنوی سے
ظاہرت چون گور کافر پر خلل — واندرون قہر خدا عز و جل
از برون طعنہ زنی بر بایزید — واز درونت ننگ میدارد یزید
ہے ترا ظاہر خباثت سی بہرا — جسطرح ہو گور کافر پر بلا
اور تیرا اندرونہ اے پسر — ہے بہرا قہر خدا سی سر بسر
رکہتا ہے ظاہر سی تو طعنہ سدا — بایزید پاک پر اے بیحیا
اور باطن سے تیرے جان ای پلید — سو حیا اور ننگ رکہتا ہی یزید
سن ریا کو اپنے ترک کے نعید — پاک لوگون کا طریقہ ای پلید

حکایت حضرت بایزید بسطامی رحمۃ اللہ علیہ کی

ایک کوچہ تنگ مین سی بایزید — جاتی تہی ناگہان ایک کتا پلید
ناگہان اون کی برابر آ گیا — آتی تہی دامن لیا اوس سی بچا
جان چلک تی نے کہو لے اپنی لب — عرض یہہ اوسنی کہ ای مقبول رب

زہر این مار منقش قاتل است — می گریزد زو ہر آنکو عاقل است
زہر قاتل ہی یہہ مار نقش دار — بھاگتی ہین اس سی جو ہین ہوشیار
زین سبب فرمود شاہ اولیا — آن گزین اولیا و انبیا
اس سبب کہتی ہین شاہ اولیا — ہین وہ مقبول ولی و انبیا
حب دنیا راس کل خطیئہ — ترک دنیا راس کل عبادۃ
حب دنیا سب خطاؤنکا ہی سر — ترک دنیا سر ہی ہر طاعت کا یہہ
چھوڑ دنیا کو جو تو ہوشیار ہے — عاقلون پر جان یہہ مردار ہے
پہلی تو تحصیل مین اسکی تو مار — کہینچے محنت اور ذلت بیشمار
بعد اسکے چھوڑکر پہر راہ ہے — حسرت اور افسوس کو ہمراہ لے
اسمین اول تو ہزارون محنتین — اور آخر مین ہوئین حاصل حسرتین
اہل دنیا الغرض یہان اور وہان — محنت اور حسرت مین ہینگی بیگمان
یاالہی مجھکو بہی بہر خدا — الفت دنیا دون سی رکھہ بچا
حب منصب حب جاہ حب مال — واسطے اپنی میرے دلسی نکال
حب مولا حب حق حب خدا — مجھکو اب بہر محمد کر عطا
غیر کی الفت سے کرکے مجھکو دور — ہر دم ہر لحظہ تو رکھہ اپنی حضور

اسمین بیان ہی کہ آدمی کو چاہیئے کہ خلق کے بہلے برے کہنے پر خیال نکرے موافق حکم خدا رسول اللہ کی

گر تو چہوڑا خلق مین خلقت سی اب — ہر زبان خلق سی چہٹا ہی کب
کون ہی جو زبان سی جو بچا — حق پرست ہو تاکہ ہووی خودنما
لوگ ہون تجہہ مین کرامتین ہزار — اور ہو گہوڑے پر تو بہی سوار
گر زمین سی آسمان تک تو اڑی — پر نہ طعنہ خلق سی ہرگز بچے
در سکی کوشش سی نالہ بند تو — پر نہ بند ہووی زبان عیب جو
جمع ہون اہل نفاق آسمین جب — اہل تقوی کی بدی کرنے مین سب
تو خدا کے بندگی سی مونہہ نہ موڑ — کہنے دی جو کچہہ کہی خلقت کو چہوڑ
چاہئے راضی ہو بندہ سی خدا — غیر راضی ہو نا راضی سی کیا

حق سی جو اندیشہ کب آگاہ ہے
چہوٹ سکے گی ان سی کب تو ای دلے
چہوڑتے ہی خلق کب پیچہا ترا
جو کوئے گوشہ کرے ہے اختیار
یون کہین اوسکو کہ ہی یہہ مکر وریو
اور جو ہووی خندہ رو و خوش ادا
اور جو کوئی ہو غنی اور کامران
اور جو کوئی مرد درویش ہو تکو
یون کہین اوسکو جو یہہ لاچار ہے
اور جو کوئی کامران تقدیر سے
خوش کہین کب تک ہو یہہ گردن کشے
اور جو کوئی مفلس و مسکین فقیر
کہوین حق مین اوسکے کمینہ سی زبان
ہاتہ سی تیرے جو دیکہین کوئی کار
اور جو بیکار ہے کرے تو اختیار
اور جو تو باتون ہو بولین تجہے
اور جو خاموشی کرے تو اختیار
اوسکو کہین نامرد جو ہو مرد بار
اور دیرے مردے گر تو کرے
اور کم کہاوے کرین طعنہ اوسے
اور جو ہو خوش خوراک ہون اور خوش لباس
ہے لطیف ہو جو [illegible] دراز
اوسکو یون طعنہ کرین یہہ بےحیا
اور جو [illegible] نادے نقشدار

خلق سے گوشہ عنقا سی وہ بیراہ ہے
گو کرے سو حیلہ اور مردانگے
گرچہ تدبیرین کرے تو لاکہا
اختلاط خلق سے رکہتا ہی عار
آدمی سی بہاگتا ہی مثل دیو
اوسکو کب جانی یہہ نیک اندیش یار
اوسکو بولتے ہین یہہ رعونت زمان
فقر و فاقہ سی بہت سختی مین ہو
اسکے بدبختی کا یہہ ادبار ہے
رتبہ شاہی سی اپنی گر پڑے
ہو خوشی کی بعد آخر ناخوشے
تنگدستی سی وہ ہو جاوی امیر
ہے یہہ دو دن پہر عمر فرومایہ زمان
سمجہین تجہکو ہے بس حریص اور دنیادار
طمع گداپیشہ کہین اور تجہہ خوار
ہیچ پیچ و بق بق پیدا کرتا ہی نے
نقش دیوارے کہین تجہکو بکار
دربا ہی ہر شخص سی تو زینہار
تجہکو دیوانا سمجہہ ہین بہائین
مال اسکا ہی یہہ اور دو نکلی گئے
ہین شکم پرور کہین اوسکو یہہ ناس
یہہ کہ زینت با تمیز و پیرہی عار
ہے یہہ کم قسمت نہ پہنی اور نہ کہا
خوش لباس اور خوش وضع ہووا

اوسکو

اوسکو دین طعنہ کہ اپنی کو جوان — رکہتا ہی آراستہ مثل زنان
جو مسافر ہو نکوئے عمر بھر — مرد اوسکو کہین اہل سفر
یعنی بی زن کے بغل مین یہہ پڑا — کس طرح عقل و ہنر آوے بجا
اور کرین اہل سفر کو یون خطاب — بخت برگشتہ پہرے ہی یہہ خراب
یعنی یہہ صاحب نصب ہو تو اگر — پہرتا کیون شہر و شہر و در بدر
مرد بی زن کو کہنے یون خوردہ بین — اسکے پہرنے سی رنجیدہ زمین
اور کرے گر زن کو بی کہتی مین یون — پڑ گیا دلدل مین کسی خر کے جون
گر کسی سی بردباری تو کرے — یہہ کہین غیرت تہین ہے کچہہ اسے
اور سخی کو یون کہین کرا تو بس — ہاتہہ تیرے ہونگی کل کوشش و بس
جو ہوا قانع بنان خشک و دلق — رات دن کرتی مین اوسکو طعنہ خلق
باپ کے جون یہہ کہے آخر سفلہ مرد — جا گا دنیا سی بصد افسوس و درد
کون ہے جو زبان سے جو بچا — با خوشی کنج سلامت مین رہا
جب نہ چہوٹی ہاتہہ سی حضرت نبی — دشمنون کے کیا حقیقت اور سے
ہے خدا نے مثل نے انباز و جفت — کیا کہا ترسا نے اوسکو ای شگفت
جورو اور بیٹا مقرر کر دیا — مریم و عیسی کو اوسکا بر ملا
پاک ہے وہ ذات از زوجہ و ولد — لم یلد لم یولد الله الصمد
کب چہوٹی کوئے کیسے ہات سی — مبتلا کو صبر ہر دم چاہیے
کب کوئے یہان جو مردم سی بچا — نیک ہو یا بد برا ہو یا بہلا
کہتے ہیں خلق پرمت کر دہیان — صبر کر کے سمجہہ سن یہہ داستان
گر سنی تو دلسی یہہ میرا بیان — خلق سے ہاتون سی جب بادی امان

حکایت بوڑہی مرد بیوقوف کی

ایک بوڑہا مرد تہا بے شعور — عقل کے غم سی تہا وہ جینی سی دور
ناگہان عزم سفر آیا اوسے — اپنی بیٹے کو چلا ہمراہ لے
ایک گہوڑے پاس تہی اوس پیر کے — ہو سوار اوسپر کیا کشتی کر

تھا پسر اوسکا پیادہ در رکاب
چلنے لگے جو ایک گروہ رہ روان
خود سوار اوس پر کرتے طی راہ کو
باری باری چاہیے ہونا سوار
پیر نے یہ بات جو اونسے سنی
کر دیا گھوڑے پہ بیٹے کو سوار
سامنے سے ایک گروہ اور آ گئے
یہ عجب بوڑھا ہے بے عقل و شعور
طفل کو سنے عنود راکب کر دیا
راہ طی ہو آسان کرے طفل اور جوان
یہ نصیحت جو سنی اوس پیر نے
کر کے دونو قول کے برعکس کار
سوچی یوں گھوڑے کو اب تکلیف دیں
اتنے میں اور ایک جماعت آ گئے
ای ستمگر رحم کر بے زبان
چاہیے اسپر سوار ہو ایک سوار
یہ ستم اس بے زبان پر ہو روا
شکر کر حق کا سوارے تجھکو دے
جو سنا بوڑھے نے یہ اونسے بغور
پیدل دونو پھر گھوڑے سے اوتر
گرتے پڑتے جاتے تھے دونو پا کشیں
اور ایک فرقہ ملا آکر براہ
کر تماشا یہ تا جاتے آپ اور وہ پسر
ہے سوارے جاتا ہے سو خود اونکی پر

بر دو باہم ہو کلام و در خطاب
یہ کہا سب نے کہ ای بوڑھے میان
رحم بیٹے پر نہیں کرتا ہے تو
تا نہو تو اور بیٹا تھک کے زار
الفت پدر نے دل میں جوش کی
خود پیادہ ہو لیا زار و نزار
دیکھ اوسکو یار نے طعنہ لگے
ہے یہ خبطی یا کہ مجنون بالضرور
خود ضعیفی میں پیادہ ہو لیا
پھر سو ایک کوس میں بس ناتوان
طعنہ پہلون کا ہے یاد آیا اوسے
ایک گھوڑے پر چڑھے دونو سوار
تا کہ پھر طعنہ سے اوروں کے بچیں
جھٹ ملامت پیر کو کرنے لگے
بوڑھا ہو کے تو ذرا ہے مہربان
رکھا اسپر عاجز پہ تونے دو کا بار
گر ہے حیوان پر ہے مخلوق خدا
مہربانی کر تو اسپر اے اخی
دل میں کے تدبیر نادانے سے اور
پا پیادہ ہو لئے پھر سفر
اور گھوڑے جاتے تھے خالی پشت پیچھے
دیکھا اوس بوڑھے نے تو با حال تباہ
اب بھی ہمراہ ہے کوتل مگر
میں پیادہ دونو ہوئے خستہ جگر

چلے

آپی دامن بچا کر لے
خشک ہون زمین تو نہ گیر کو پاک
اور جو دیکھے اپنی اندر غرور کر
سات دریاؤن سیتی بہی دہو اگر
یہہ لگی گنی سی کیفے باز پد
آکرن آپ مین ہم تم دوستی
عرض کے گنی نی اے سلطان بن
مین جون بر در د انہ تو مقبول ہے
دیکھتا ہے تجھکو جو کوئی بشر
اور تجھے جو دیکھتے ہین خاص و عام
اور یہہ ظاہر ہے کہ مین کہتا نہین
اور تجھ پاس ایک منگا ہی بہرا
تجھ مین تجھ مین دوستی کس طرح ہے
رو دو لانے سنگ کی یہہ وہ پاک دین
آہ کیون کر ہونگا پھر مین بے خلص
پاک لوگون کا تو یہہ دیکھ حال ہے
پیرے شانے کوئی عالم مین نہین
اور حقیقت مین ہے یہہ حال آپکا
دست پر تسبیح ہر دل گاؤ خر
ہاتھ مین تسبیح دلمین گاؤ خر
اپنی اس تسبیح کو تو دور کر
پھونک دے اس جبہ ناپاک کو
ظاہر اور باطن ترا گر ایک ہو
مخلصین ہو ظاہر او باطن اگر

تجھ سی اب اسکا سبب پوچھے
اور جو تیر ہوون مین دہونی ہووے اک
وہ خباثت تجھ سے اپنی بخبر
پاک کب ہووے سی تو پی ہر نفس
تیرا ظاہر میرا باطن ہے پلید
خوب گہوری بہم ہے تیرے
دوستی ہے مین تیرے قابل نہین
تیرے بر اب کہو کیون کر بنے
دوستی ہاری کی ٹہرے خطر
کرتے مین تعظیم تجہ او سلام
تجھ ذخیرہ وقت اگلا کہین
آرد گندم کا ای فرد خدا
مین باید اور تو ہی پاک ای نیک خو
وا ای مین کتے کے بہی قابل نہین
قابل درگاہ پاک لم یزل
اور یون ترا حیثیت اب قال ہے
عالم فرزانہ وے اور پاک دین
جس سیتی شیطان بہی امان پاجای
انجنین تسبیح کے دار و
ایسی کب تسبیح رکہتے ہے اثر
ذکر دل سی تو دل معمور کر
اور خضا و شانہ دہو اک
یا دے بیشک جب تو دل یہہ ہو
تیرا ہو جا جنت مین

تو نے اے اعداد اب حق کے لیے
بیخودی میں آ خودی سے تو چھوڑ دے

ہے خودی میں جب تلک بیخودی تو
ہو تو بیخود پھر تو خودی ہو بہو

غیر ہے جب تک رہے ہے جستجو
تو جدا ... اپنا ہوا ہی آپ تو

آپکو اپنی میں اول دیکھ لے
غیر کو کر ترک مل اوس یار سے

معرفت پیداست از عرفان خویش
گر شناسی خویش را گشتی ز خویش

ساقیا دے بیخودی کا جام دے
جس گھڑی میں اپنی میں آؤں آپ سے

آپکو کھو محو ہوں در حسن یار
محو اندر محو ہوں میں زینہار

نام عین و رسم و آثار اپنا سب
ہو فنا اندر فنا الملک اب

اسمیں بیان لکھا ہے کہ خدا تعالے کو صرف خدا ہی کی واسطے پوجے نہ طمع جنت کے لیے اور نہ خوف دوزخ سے

کیا ہی دنیا جان کی یہ سرشت
یہہ عبادت ہی تیرے پر بہشت

ہی یہی نزدیک اہل دل مقرر
دین گھٹانا جان تو ای بہرور

یعنی مزدور سے عبادت پر ہاں
مانگتا ہی حق تعالے سے وہاں

جا حدیث ما عبدنک ای پسر
تو کلام مرتضے سے یاد کر

یعنی فرماتے ہیں یوں شاہ علے
عاشق حق نائب حضرت نبی

اے خدائے خالق ہر دو جہان
ہی تو ہی مطلوب مجھکو ہر زمان

پوجتا ہوں اب نہ تجھکو اسلئے
طمع جنت یا کہ خوف نار سے

پوجتا ہوں تجھکو تیرے واسطے
ہر طرح تیرے رضا مطلوب ہے

جب نہ پایا میں کہیں تیرے سوا
پوجنے کے لایق ای میرے خدا

بس میں پوجا تجھکو یکا جان کر
غیر کے الفت کو نے دل سے بدر

لیتے ہی طاعت پر اجرت یہہ گروہ
رکھتی ہی اجرت کی طاعت پر شکوہ

آرزو اجرت کے عملوں پر اگر
رکھتا ہی تو ہے یہہ گمراہی تر

واسطے حق کے ہی کب ہی پر خلل
طمع اجرت کے لئی ہے یہہ عمل

یاد آتی ہی اک حکایت اسپر مجھے
خوش [illegible] کر کے [illegible] تجھ سے

حکایت

حکایت محمود بادشاہ غزنوی اور ایاز غلام کے

کہتے ہیں ایک شخص نے محمود کو
یہہ دیا طعنہ کہ ای شاہ نکو

ہے ایاز ایسا نہ کچھ صاحب جمال
جسپہ تو عاشق ہی یوں اب تا کمال

سنتے ہی اس بات کے محمود شاہ
اوس سی یوں کہنی لگا ای نیک راہ

اوسکے خوبی نیک پر ہوں میں فدا
اور نہ عاشق اوسکے رنگ و روپ کا

نقل ہے ایکدن کہ جاتا تھا وہ شاہ
ایک کوچہ تنگ کو باعز و جاہ

ساتھ اوسکے تھی جواہر سی بہرے
چند ایک صندوق اونٹوں پر دہرے

اتفاقاً کھا کے ٹھوکر ایک شتر
اوس گلی میں گر پڑا ای بہرور

گرتے ہی اوس اونٹ کی ای نیک پے
ٹکڑے ٹکڑے ہوگئی صندوق اسکے

ہوگئے ایک لخت وہاں اوس سے بدر
لعل و یاقوت و زمرد و سیم و زر

دیکھ کر اس حال کو محمود شاہ
لوٹنے کا حکم دیکر جلد یا

سنتے ہی یہ حکم جو ہمراہ تھے
یک بیک سب لوٹنے پر گر پڑے

چھوڑ شہ کو سب گئے پیادہ سوار
لوٹنے پر گر پڑے بے اختیار

اور رہا ہمراہ نکوئے شاہ کے
رہ گیا پر ایک ایاز ای نیک پے

دیکھ کر سلطان بولا اے ایاز
تو نہیں لوٹتا ہی کہہ مجھسی راز

عرض کیتا سنی کہا ای سلطان میں
ہے مجھے اس لوٹ سی لوٹا نہیں

تیرے خدمت میں چلا آتا ہوں میں
جاکے سب نعمت اوسی لاتا ہوں میں

دور ہوکر اب تیرے خدمت سی میں
کچھ نہیں حاصل کیا نعمت سی میں

قرب سلطان سو حاصل جسسی ہے
چھوڑ اوسکو پھر وہ کیوں نعمت کو لے

ہے طریقت کے خلاف ایسے کہ یار
غیر حق کو حق سی مانگی زینہار

اوس سی زیادہ کون ہی ہیچ ادب
جو سوائے حق کرے حق سی طلب

نفس ور ہے وہ جو رکھی نظر
دوست ہی جو دوستی کی آن پر

تو جو کرتا ہی عبادت بے شمار
واسطے حق کے ہی کب ای نابکار

نفس کے خواہش سے کرتا ہی ضرور
یعنی بہر جنت و حور و قصور

خواہشات نفس مین ہیہ ہین سب
کہتا ہی پیچ ہوں مین اللہ کو
اجر جاہنا ہی طاعت پر اگر
اجر پر کیف تنگ تو ہے امیدوار
او سنی فضل و لطف سی تجہکو فنا
باوجود آلودگی کے قید کے
اور اس قید پر ترے ای نیک بے
ساقیا آدی وہ جام بیقرار
ہوئین ہون دنیا دون سی بیخبر
خلد اپنی مظہر لطف و جمال

زہد کے پردی مین کرتا ہی طلب
خواہشات نفس تو پوچہی ہی تو
ہے وہ طاعت گر سمجھہ ای بیخبر
بہتر اس سی اجر کیا جاہے گا یار
اپنے خدمت کے لیئے پیدا کیا
اپنے قدرت سی مزین کر دیا
خلعت عرفان کیا ارا ستے
جس سی ہون مین محو اندر روی یار
نے امید خلد ہے نے خوف و سقر
دوزخ ہے مظہر جلال

سمین بیان ہی شوق چہوٹنی کا ماسوا کے اور مشتاق ہونا طرف شراب طہور کے مراد اوس سی محبت ہی

عمر ضایع اور قضا ہیر ہوے
تاکہ پہچانو نہین اپنی وقت کو
اگر عطا ہو خدا ایک بہر کے جام
ہے خوشی کے در کے وہ بیشک کلید
اور ہر اک ساقیا ارواح کو
اور جہوڑا جلدی خدا کے واسطے
اس خراب آباد ویرانے مین مرا
نے تو مجہکو نفع خلوت سی ملا
دیر و کعبہ مین پہرا سر مارتا
اب بہت بیچین ہون مین ساقیا
بس شراب بیخودی مجہکو پلا
وہ جو عالم ہے اس عالم کے سوا
اک عالم تہا ہون اس عالم سی دور

نی دم اب بہر حق او تہہ
رایگان گذرا ہی جو ای نیک خو
اوس شراب پاک سی ای نیکنام
اوس سی مت رکہہ بہر حق مجہکو بعید
قید سی رنج و الم کے جلد تو
تن ہون کو رنج و غم کے قید سے
خانقاہ و مدرسہ سی دل اوٹہا
اور کچھہ اس سی حاصل ہوا
نے ملا مقصود دل کا کچھہ پتا
ہو میری مشکل کا تو مشکل کشا
قید سی تا یہان کے دل چہوٹی میرا
ہے وہی در کار مجہکو ساقیا
ہو مزہ اس کا اوس عالم کا ضرور

تا کہ ہون مقصود دل سے بہرہ ور
آہ و نالہ شور و غل ایسا کرون
وہ شراب اب ساقیا مجھکو تو دے
آتش موسی سے ایک شعلہ ہی یار
طور ہے اوس نور کا سینہ میرا
بس پلا لا کر کے وہ مجھکو شراب
ہو وہ ایسے جو مے اوس سے ذرا
اوٹھہ کہین پھر خدا ہو جلوہ گر
ماہ بھی اور سب ستارہ چھپ گئے
مطربا کچھہ کہہ کہ یہہ میری بقا
عیش ہے بے عیش میرا مطربا
کر بیان کچھہ یار کے باتون سے آ
دور کر مجھسے اب ایام فراق
باد ف و نی سے تو اوٹھہ کر مطربا
تا کہ ہون ہم پر یہہ سب ہی ننگ نام
آہ کب تک مین کرون آہ و فغان
آہ وا ویلا دریغا حسرتا
پھر سنا مجھکو وہ نظم مستطاب
عمر سب گذری میری در قیل و قال
مطربا اب پھر حق اوٹھہ تو سہی
پھر کوئی شعر عجم مجھکو سنا
اور کچھہ کوئی قوت مثنوی
بشنو از نے چون حکایت میکند
سنو نی سے کیا حکایت کرتی ہے

خاک سے ڈالون ہستی موہوم پہ
خلق مین ایک حشر سا برپا کرون
استخوان کہنہ کو جو زندہ کرے
اوس شراب پاک کا نور آشکار
خم ہے اوسکا قلب اپنا اے فتا
جسکے پینے سے نشہ آوے وہ پھر عہد شباب
دو جہان کی قید سے وہ ہو رہا
صبح ہوتی آئی اب مت دیر کر
اور صدا مین مرغ بھی کرنے لگے
رائگان گذری ہے در رنج و عنا
بے غنا کی کچھہ غنا مجھکو سنا
دل میرا اوس بن ہے غم مین مبتلا
ہو گئی طاقت میرے دور سے طاق
مجھکو اشعار عرب سے کچھہ سنا
عیش و عشرت حظ و کیفیت تمام
ایک بھی سنتا نہین وہ جان جان
حسرتا صد حسرتا صد حسرتا
جو کہی تھی مین در ایام شباب
اپنی غفلت سے ہوا مین پائمال
کچھہ بھی استطاعت نہین مجھکو رہے
تا کہ دل قید الم سے ہو رہا
از حکیم مولوی معنوی
وز جدائیہا شکایت میکند
کہ جدائی سے شکایت کرتی ہے

مثنوی از نی بشنو از صاحب نفس
نی سنا مت حسن تو صاحب نفس کی
ہو مخاطب اسکو کہتے ہین اے بہرور
وہ کوئی نغمہ سناتی نیک خو
دل میرا غافل ہی اپنی حال سی
بند آہن مین پڑا ہی نفس کی اور بر
اور کہتا ہی کہ ہوا و ہوس سی سوا
سر بسر گمراہ ہوا ہی نیک خو
ہو گئی غفلت سی مدہوش اے سفر
اکثر مدت گذری ہی اسکی تئین
تہتہا مار ہی ہین کافر بر ملا
اب نی ای امداد تو بہر خدا
غیر دلبر کو تو دلسی دور کر
ماسوا دلبر کے دلمین جو ہی شئی
یعنی یہہ حرص و ہوا و حب غیر
ہو سکی جتنا انہین دلسی نکال
دلمین جبتک تیری حب غیر ہے
غیر سی ہے مراد اسکو ای جوان
غیر سی تو گہر کو خالی جلد کر
ہو گئی تو خاموش قیل و قال سی
الغرض امداد تو اپنی کتاب
سال ہجری تہی ہوئی جب ختم یار
جب ہوئی یہہ مثنوی پارہ و تمام

گر جمادی نالہ نشنیدست کس
کیونکہ جامد سی کوئی نالہ سنی
سب زبانون سی مجہی آگاہ کر
خواب و خور سی تاکہ دل بیدار ہو
ہی سدا مشغول قیل و قال سی
جہل سی جو اپنی قایل ہے مگر
یعنی یا مین تیری حرص و ہوا
اپنی گہر ہی سی بہولا راہ کو
آپ کی بہی کچہہ نہین رکہتا خبر
ہی یہہ بتخانہ مین یون گوشہ نشین
دین اور اسلام پر اسکی سدا
خواب و غفلت سی ذرا تو چونکجا
جلوہ دلبر سی دل معمور کر
ہی وہی معبود تیرا جان لے
سب یہہ بتخانہ تیری ہین اور دیر
اپنی دلبر سی تو پہر ہو ہم مقال
ل نہین سکتا تو اپنی یار سے
غیر ہو جس گہر مین وہ اوسجا کہان
نور دلبر تا ہو اسمین جلوہ گر
ہو خبردار اٹھو اپنی حال سی
ختم کر واللہ اعلم بالصواب
یکہزار و دو صد و شصت و چہار
رکہدیا اسکا غذائی روح نام

۱۲۶۴

خاتمہ الکتاب